مطبُوعات

گلزارِ تبسم | مرتب: جناب فضل الٰہی عارف صاحب۔ شائع کردہ: ادارہ بتول، اچھرہ۔ لاہور۔ قیمت ۲٫۴۷ روپے
صفحات ۱۷۱۔

ہر زبان کے ادبی سرمائے میں طنز و مزاح کو ہمیشہ غیر معمولی اہمیت حاصل رہی ہے۔ طنز کے گھاؤ گہرے ہوتے ہیں مگر مزاح میں انسان بڑے لطیف انداز سے اُن تلخ حقائق کی طرف دوسروں کو متوجہ کرتا ہے جنہیں شاید عام حالات میں لوگوں کو سننے کی تاب نہ ہو۔ مزاح کا جوہر نہایت ذہین اور فطین انسانوں ہی میں پایا جاتا ہے۔ مزاح کوئی دل لگی نہیں بلکہ حکمت اور دانائی کی بات کو اس طرح بیان کرنا ہے کہ نہ تو سمجھنے میں اسے کوئی دقت ہو اور نہ قبول کرنے میں انہیں بوجھ محسوس ہو۔

اسلام نے امتِ مسلمہ کو جو قومی مزاج عطا کیا ہے اُس میں مزاح کا ایک خاص مقام ہے۔ فضل الٰہی عارف صاحب نے بڑے سلیقے کے ساتھ علم و حکمت کے ان انمول موتیوں کو جمع کیا ہے۔ یہ کتاب بڑی مفید اور کارآمد ہے اور اسلامی ادب میں ایک قابلِ قدر اضافہ ہے۔

گلدستۂ نماز | مرتب: جناب فضل الرحمٰن کلیم صاحب۔ شائع کردہ: ادارہ بتول۔ ۴۔ اے ذیلدار پارک اچھرہ۔ لاہور۔ اس کتابچے میں پوری نماز، اس کا ترجمہ اور تشریح شامل ہے۔ ترجمے کا انداز حکیمانہ ہے۔ یعنی پہلے ایک ایک لفظ کا الگ الگ ترجمہ درج کیا جاتا ہے۔ پھر الفاظ کو جوڑ کر فقروں کا ترجمہ لکھا جاتا ہے، اس کے بعد بامحاورہ ترجمہ دیا جاتا ہے اور آخر میں مختصر سی تشریح درج کی جاتی ہے۔ کتاب کو بڑی صحت اور صفائی کے ساتھ نہایت اچھے کاغذ پر آفسٹ میں شائع کیا گیا ہے۔

اقبال قلندر نہیں تھا | تالیف: جناب صائب عاصمی صاحب۔ شائع کردہ: تخلیق کار پوسٹ بکس نمبر ۲۰۔